پریس ریلیز

اسلامک سوسائٹی امیرالدین میڈیکل کالج کے زیر اہتمام سالانہ سیرت کانفرنس کا انعقاد

نوجوان نسل کے مسائل کا حل سیرتِ رسول ﷺ کی روشنی میں ممکن ہے: پرنسپل پروفیسر فاروق افضل

نعت و قرأت کے مقابلے، مقررین کے فکر انگیز خطابات اور شیلڈز کی تقسیم

لاہور، 04 ستمبر:...... پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرتِ طیبہ پوری انسانیت کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ اگر ہم اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو سیرت النبی ﷺ کے مطابق ڈھال لیں تو دنیا و آخرت میں کامیابی یقینی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو درپیش مسائل اور چیلنجز کا واحد حل بھی سیرتِ رسول ﷺ کی تعلیمات میں پوشیدہ ہے۔ یہ بات انہوں نے اسلامک سوسائٹی آف امیر الدین میڈیکل کالج کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ سیرت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں پروفیسر عاکف دلشاد، پروفیسر نازش ثقلین، ڈاکٹر رومانہ اخلاق، ڈاکٹر عبدالعزیز، نرسنگ انسٹرکٹرز سمیت بڑی تعداد میں ڈاکٹرز، نرسز اور طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ اس موقع پر طلبہ و طالبات کے مابین نعت و قرأت کے مقابلے بھی ہوئے، جن میں شرکا نے اپنے عقیدت و محبت بھرے انداز سے حاضرین کو متاثر کیا۔

کانفرنس میں "جدید دور میں نوجوانوں کے مسائل" کے موضوع پر معروف مقرر مغیرہ لقمان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امت مسلمہ کی بقا اور ترقی سیرتِ رسول ﷺ پر عمل کرنے میں ہے۔ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ جدید علوم کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیمات کو بھی اپنی زندگی کا لازمی حصہ بنائیں تا کہ ایک بہتر اور متوازن معاشرہ تشکیل پا سکے۔

تقریب کے اختتام پر صدر اسلامک سوسائٹی نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس بات کا اعادہ کیا کہ سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں معاشرے کی اصلاح اور بہتری کے لیے اس نوعیت کی علمی و فکری محافل آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات میں شیلڈز بھی تقسیم کیں۔

☆☆☆☆☆